© rasailojaraid.com

سید عطاء المحسن بخاری

بانئ احرار، بطلِ حریت، حضرت امیر شریعت

# سیّد عطاء اللہ شاہ بخاری کی نذر

ہر روز سفر،
مگر وسائل ناپید
دھوپ، حرارت، شدّت حدّت
ہر لمحہ ایک صعوبت
جاڑوں کی یخ بستہ لمبی کالی راتیں
دہشت، وحشت، خوف
وارنٹ ہتھکڑیاں قید سزا اور جیل
تین سو ساٹھ دنوں میں
روز کئی تقریریں۔ آزادی کی تفسیریں
شعلہ، آگ، بگولہ، مضطر، پیچ و تاب اور سوز و ساز
گونج گرج، کڑکا دڑکا
خرمنِ افرنگ خاک سیاہ
واہ عطاء اللہ شاہ، زندہ باد عطاء اللہ
تیرا دشمن ہو روسیاہ

© rasailojaraid.com